ناظم دارالعلوم

احوال وکوائف

دارالعلوم حقانیہ

مشاہیر علم وفضل کی آمد دارالعلوم بحمداللہ اکابرین دین اور ارباب علم وفضل کا مرجع رہتا ہے اور ان حضرات کی آمد ورفت جاری رہتی ہے، پچھلے ماہ ڈیڑھ ماہ میں بھی مختلف اوقات پر کئی اکابر ومشائخ تشریف لائے اور حسب گنجائش دارالحدیث میں طلبہ سے خطاب فرمایا اور اپنی دعاؤں سے دارالعلوم اور وابستگان دارالعلوم کو نوازا۔

اسیر مالٹا مولانا عزیر گل مدظلہ ۱۵ مئی کو عصر سے قبل اسیر مالٹا حضرت شیخ الہند کے تلمیذ رشید مولانا عزیر گل مدظلہ نے تھوڑی دیر کیلئے دارالعلوم میں قدم رنجہ فرمایا اور طلبہ کو تحریک ریشمی رومال کے اس درخشندہ اور تابندہ فرد فرید کی زیارت کا موقع ملا حضرت موصوف ضعف بصارت کی وجہ سے اپریشن کی غرض سے راولپنڈی تشریف لے گئے تھے، واپسی میں دارالعلوم کو نوازا۔

مولانا مفتی محمود صاحب ۱۸ اپریل کو حضرت قائد جمعیۃ العلماء اسلام مولانا مفتی محمود صاحب تشریف لائے اور طلبہ سے ملکی وملی مسائل پر مبسوط خطاب فرمایا حضرت مفتی صاحب اکثر وبیشتر صوبہ سرحد آتے جاتے ہوئے دارالعلوم کو قدوم سے نوازتے ہیں

مولانا عبیداللہ انور مدظلہ اس سے چند دن قبل شیخ التفسیر لاہوری کے جانشین حضرت مولانا عبیداللہ انور مدظلہ اپنے استاذ المکرم حضرت شیخ الحدیث کی عیادت اور زیارت کے لئے تشریف لائے طلبہ کی خواہش پر دارالحدیث میں خطاب بھی فرمایا۔

مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ ۶ مئی بروز جمعہ عصر کے بعد امیر جمعیۃ العلماء اسلام بقیۃ السلف مولانا عبداللہ درخواستی تشریف لائے دارالعلوم سے باہر طلبہ واساتذہ نے والہانہ استقبال کیا، عصر کے بعد شام تک آپ کا خطاب جاری رہا۔ بعد از مغرب جاتے وقت دارالعلوم کی ترقیات اور طلبہ کیلئے دعائیں کرتے ہوئے آپ پر رقت طاری ہوگئی اور فرمایا کہ انشاء اللہ یہاں سے اسلام کے نشاۃ ثانیہ اور اسلامی انقلاب کی لہریں اٹھیں گی، طلبہ کو جادۂ حق پر گامزن رہنے اور استقامت کی تلقین کی حضرت درخواستی نے واپسی میں راولپنڈی ہسپتال میں حضرت شیخ الحدیث کی عیادت بھی فرمائی۔